# ادبیات

خیال و خامہ

جاوید احمد غامدی

○

مری جستجو کا حاصل، وہ نوائے صبح گاہی
کہ گریز پا ہے جس سے شب غم کی ہر سیاہی

وہ کلام حق کہ جس نے رہ حق تجھے دکھائی
تجھے کیا خبر کہ کیا ہے؟ ترا دین خانقاہی

میں کہاں گریز کرتا کہ ازل سے روبرو تھی
مرے علم کی شہادت، مرے ذوق کی گواہی

یہ ترا جہاں نہیں ہے، تو اگر سنے تو کہہ دوں
کہ فریب دے رہی ہے تجھے تیری کم نگاہی

نہ رہا وہ حسن قامت، نہ وہ سر رہا سلامت
ہے مگر ہنوز باقی ترا شوق کج کلاہی

یہ عجیب ماجرا ہے کہ وہی بجھا رہے ہیں
میں چراغ لے کے پہنچا تو بھٹک رہے تھے راہی

www.javedahmadghamidi.com www.al-mawrid.org

وہی خواب ہیں ابھی تک، کوئی پھر اتار لائے
جو کبھی زمیں پہ اتری وہ خدا کی بادشاہی

www.javedahmadghamidi.com
www.al-mawrid.org

"Note from Publisher: Al-Mawrid is the exclusive publisher of Ishraq. If anyone wishes to republish Ishraq in any format (including on any website), please contact the management of Al-Mawrid on info@al-mawrid.org. Currently, this journal or its contents can be uploaded exclusively on Al-Mawrid.org, JavedAhmadGhamidi.com and Ghamidi.net"